ترجمہ: "اور ہر زندہ چیز کو ہم نے پانی سے پیدا کیا۔" (القرآن)

WATER AND SANITATION AGENCY
WASA
FAISALABAD

# فیصل آباد سہ ماہی
# واسا نیوز

جلد سوم
شمارہ نمبر 10

اپریل تا جون 2017ء














## القرآن

تو کیا خدا کے کچھ احکام پر ایمان لاتے ہو اور کچھ سے انکار کرتے ہو تو جو تم میں ایسا کرے اس کا بدلہ کیا ہے مگر یہ کہ دُنیا میں رسوا ہو۔ (البقرۃ ۸۵)

## حدیث مبارک

اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرماتا ہے جو کسی مسلمان سے کوئی پریشانی دور کرتا ہے۔(بخاری و مسلم)

## فرمانِ قائد

پہلی چیز جو میں آپکو بتانا چاہتا ہوں کہ آپکو کسی سیاسی دباؤ میں نہیں آنا چاہیے۔ نہ تو کسی سیاسی جماعت کے دباؤ میں اور نہ ہی کسی انفرادی سیاستدان کے دباؤ میں۔(پشاور میں سول آفیسرز سے خطاب 1948ء)

## فکرِ اقبال

آہ اس راز سے واقف ہے نہ مُلا نہ فقیہ
وحدت افکار کی، بے وحدتِ کردار ہے خام



**فقیر محمد چوہدری**
مینجنگ ڈائریکٹر واسا/
سرپرستِ اعلیٰ



**عدنان نثار خان**
ایڈیٹر انچیف



سید ہاشم گیلانی ایڈیٹر واسا نیوز فیصل آباد


**ایڈریس**
پوسٹ بکس نمبر 229 فیصل آباد
رابطہ نمبر 041-9210065, 0313-7201020
ای میل editorwasanews@yahoo.com


# وائس چیئر مین کا پیغام



20 سالہ ماسٹر پلان بننے سے شہریوں کو مستقبل میں واسا فیصل آباد کی طرف سے پانی و سیوریج کی مزید بہتر سہولتیں فراہم کی جاسکیں گی۔ میں بطور وائس چیئر مین واسا اور بطور عوام کا نمائندہ پانی اور سیوریج جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بہتری کیلئے جائیکا کے بھرپور تعاون کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔ واسا ٹیم کے ارکان شہریوں، صارفین اور ادارے کے بہترین مفاد میں اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں۔ خوش آئند بات ہے اس وقت واسا فیصل آباد کو ایک محنتی اور قابل افسر کی صورت میں ایسا MD میسر ہے جو فیصل آباد سے آبائی تعلق کے باعث اس شہر کے چپے چپے سے روشناس ہے اور اپنی صلاحیتوں کا لوہا سابقہ M.D سید زاہد عزیز کی سربراہی میں بطور پراجیکٹ ڈائریکٹر (فرنچ) بھرپور انداز میں منوا چکا ہے۔ بطور M.D واسا انجینئر فقیر محمد چوہدری جس طرح بالخصوص مون سون سیزن میں شب و روز فیلڈ وزٹ کے ذریعے ادارے کی نیک نامی اور عوامی ریلیف کا باعث بن رہے ہیں اور ساتھ ساتھ واسا کی ریکوری/ ریونیو کے لئے کوشاں ہیں۔ واسا کے ماتحت عملے اور فیلڈ افسران کو اسی جذبے اور روش پر عمل کرنا ہوگا۔ تاکہ ہر مطلوبہ ٹاسک بر وقت مکمل ہو سکے۔ بطور کسٹوڈین واسا میں شہریوں سے اپیل کرتا ہوں کہ واسا کی ڈی سلٹنگ مہم میں اپنا کردار ذمہ داری سے ادا کیجئے۔ برساتی نالوں، سیور لائنوں اور گٹروں میں شاپر/ کچرا اور ٹھوس اشیاء پھینکنے سے گریز کریں کیونکہ یہی اشیاء سیور اوور فلو ہونے کا بڑا سبب ہیں۔ صارفین سے میری التماس ہے کہ اپنے ذمہ واسا کے واجبات باقاعدگی سے ادا کریں تاکہ واسا فیصل آباد کی طرف سے ہر دم قدم بہ قدم بہتر بلاتعطل خدمات احسن طریقے سے مہیا کی جاسکیں۔ خدا تعالیٰ آپ کا حامی ناصر ہو۔

**محمد عرفان منان**






چیف منسٹر پنجاب میاں شہباز شریف نے 6 ارب روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے واٹر سپلائی میگا پراجیکٹ کا افتتاح کر دیا ہے۔ یہ منصوبہ مقررہ معیاد اور بجٹ میں مکمل ہوا ہے۔ جس پر وزیرِ اعلیٰ پنجاب نے واسا اور فیصل آباد انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا۔ اس منصوبے کی بدولت کثیر مقدار میں شہریوں کو میٹھا اور صاف پانی دستیاب ہو رہا ہے اور ممکنہ طور پر صحت سے متعلقہ مسائل اور چیلنجز سے چھٹکارہ ملے گا۔ اُنہوں نے اس موقع پر 14-ارب روپے کی لاگت سے فرنچ پراجیکٹ فیز-II کا بھی اعلان فرمایا۔ جس کی تکمیل سے 100% آبادی کو صاف پانی میسر آ سکے گا۔ اس حوالے سے چیف منسٹر پنجاب نے سیکریٹری ہاؤسنگ خرم آغا کو موقع پر ہی اس اہم پراجیکٹ کو فی الفور شروع کرنے کے انتظامات کرنے کی ہدایت جاری کیں۔ سیکریٹری ہاؤسنگ پنجاب خرم آغا نے اس موقع پر واسا فیصل آباد کے متعلق چیف منسٹر پنجاب کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ واسا کی طرف سے پچھلے پانچ سالوں میں پانی کی فراہمی 60 ملین گیلن یومیہ سے 110 ملین گیلن یومیہ تک بڑھادی گئی ہے۔ جس کے لئے واسا فیصل آباد کی انتظامیہ بالخصوص پراجیکٹ ڈائریکٹر (فرنچ پراجیکٹ) اور ایم ڈی واسا مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اس موقع پر وائس چیئرمین واسا میاں محمد عرفان منان نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے چیف منسٹر نے فیصل آباد کو میٹھے پانی کی فراہمی کا جو خواب 2012ء میں دیکھا تھا وہ بفضل تعالیٰ پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا ہے۔ اُنہوں نے اس موقع پر حکومتِ فرانس کا بھی شکریہ ادا کیا اور اُمید ظاہر کی کہ حکومتِ فرانس مستقبل میں بھی اپنا تعاون جاری رکھے گی۔






فرنچ سفارت خانے کے ہیڈ اکنامکس ڈویژن مسٹر فلپ فیوٹ نے فرنچ واٹر سپلائی پراجیکٹ فیز-I کی کارکردگی اور ثمرات کا جائزہ لینے کے لیے واسا فیصل آباد کا دورہ کیا۔ ایم ڈی واسا انجینئر فقیر محمد چوہدری نے اس موقع پر دوران بریفنگ بتایا کہ واسا نے گزشتہ 5 سالوں میں پانی کی فراہمی میں قریباً دوگنا اضافہ کیا ہے۔ نیز فرنچ حکومت کے تعاون سے 14 ارب روپے لاگت سے فرنچ پراجیکٹ فیز 2 کو قریباً حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ جس سے 2020ء تک مزید 7 لاکھ شہری استفادہ حاصل کریں گے۔ مسٹر فلپ فیوٹ اور ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری نے فرنچ پراجیکٹ کا سائٹ وزٹ بھی کیا۔



نان ریونیو واٹر اور پرفارمنس بیس کنٹریکٹ کے حوالے سے ورلڈ بنک کے 2 رکنی وفد نے واسا فیصل آباد میں ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری کی زیرِ قیادت واسا ٹیم سے میٹنگ میں شرکت کی۔ ورلڈ بنک کے ٹیم لیڈر مسٹر ڈیوی راجرز اور روحی عبداللہ نے کمرشل اور گھریلو بنیادوں پر مہیا کئے جانے والی پانی کے بلوں کی وصولی کو یقینی بنانے اور غیر قانونی کنکشنز کے حوالے سے حکمت عملی پر غور اور لائحہ عمل ترتیب دیتے ہوئے ورلڈ بنک کے تعاون اور اشتراک عمل سے متعین کردہ اہداف کے حصول سے متعلق تبادلہ خیال کیا۔ ایم ڈی فقیر محمد چوہدری کی ہدایت پر نان ریونیو واٹر سیل کے قیام کے بعد شہر کے مختلف علاقوں میں واٹر میٹرز کی تنصیب کا کام جاری ہے۔ جس کے بعد اگلے چند ماہ میں مرحلہ وار 24 گھنٹے مسلسل ہائی پریشر پانی کی فراہمی شروع کر دی جائے گی اور ورلڈ بنک کے تعاون سے بقیہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے گا۔





فیصل آباد کے شہریوں کیلئے بنیادی سہولتوں کی بہتر فراہمی کے حوالے سے وائس چیئرمین واسا میاں محمد عرفان منان نے مینجنگ ڈائریکٹر واسا انجینئر فقیر محمد چوہدری کے ہمراہ اپنی زیرِ صدارت ایک میٹنگ میں واسا سٹاف کو مزید بہتر حکمتِ عملی اور تیز رفتاری سے اپنے اپنے تفویض کردہ فرائض سرانجام دینے کی تاکید کی۔ اُنہوں نے کہا کہ پنجاب کے واٹر اینڈ سینی ٹیشن اداروں میں اس وقت واسا فیصل آباد کی حیثیت ایک رول ماڈل کی سی ہے اور اسی وجہ سے بین الاقوامی ڈونر ادارے واسا فیصل آباد سے بھرپور فنی و مالی تعاون کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ انجینئر فقیر محمد چوہدری پیشہ ورانہ عملی تجربے کے حامل ایک قابل افسر ہیں، جو حال ہی میں بیرونی اداروں کی معاونت سے ایک میگا پراجیکٹ کی تکمیل کامیابی سے ممکن بنا چکے ہیں۔ لہٰذا اُمید واثق ہے کہ اُن کی قیادت میں ادارہ بہتر سے مزید بہتر کی طرف گامزن ہو جائے گا اور واسا کا تمام تکنیکی سٹاف و افسران ایم ڈی واسا کی قابلیت اور تجربے سے بھرپور فائدہ اُٹھاتے ہوئے صارفین کو پیشہ ورانہ خدمات کی ادائیگی میں ادارے کی نیک نامی کا سبب بنیں گے۔ اس موقع پر ایم ڈی واسا کی طرف سے میٹنگ میں شامل افسران کو تکنیکی معاملات میں مفید ہدایات جاری کی گئیں۔






واٹر سپلائی، سیوریج اور ڈرینج کے اگلے 20 سال ماسٹر پلان پراجیکٹ کے حوالے سے جائیکا، واسا اور زرعی یونیورسٹی کے اشتراک سے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی کے ڈاکٹر اقرار احمد، وائس چیئرمین واسا میاں عرفان منان اور ایم ڈی واسا کی زیر صدارت سینٹ ہال زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں منعقدہ سیمینار میں جائیکا کے مسٹر اونوے، ٹیم لیڈر مسٹر ٹاکاشی ہوشینو اور واٹر سپلائی پلانر سمیت جاپانی ماہرین نے بھرپور شرکت کی۔ چیئرمین ایف ڈی اے شیخ اعجاز احمد نے اپنے افتتاحی خطاب میں فیصل آباد کے شہریوں کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو بہتر بنانے کے حوالے سے جائیکا کے بھرپور تعاون پر حکومت جاپان اور جائیکا ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر کیپٹن (ر) ایم حفیظ کی طرف سے ماسٹر پلان پراجیکٹ کی اب تک کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا۔






جائیکا پراجیکٹ کے تحت 1 ارب 60 کروڑ روپے کی لاگت سے واٹر سپلائی پرانی مشینری کی تبدیلی کے حوالہ سے واسا آفس میں VC واسا میاں عرفان منان کی زیر صدارت اجلاس میں جائیکا کی طرف سے مسٹر میسوڈا شینی چی کی زیر قیادت مسٹر یاشیکی امور، مسٹر یمی کیمورا، مسٹر کن اکومورا، اور مسٹر ابرار نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 1 ارب 60 کروڑ کی لاگت سے واسا واٹر مشینری کی اپ گریڈیشن جس میں Inline بوسٹر پمپ سٹیشن چنیوٹ اور ٹرمینل ریزروائر پر نصب پرانی واٹر پمپنگ مشینری تبدیل کی جائے گی۔ واٹر پمپنگ مشینری تبدیلی کیلئے ٹینڈرنگ امسال ماہ نومبر میں ٹوکیو جاپان میں متوقع ہے۔





پنجاب انوسٹمنٹ بورڈ کے زیر اہتمام بین الاقوامی سیمینار میں Surface اور ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کی فزیبلیٹی سٹڈی کیلئے واسا اور تین غیر ملکی فرموں نے مفاہمتی یادداشت پر مورخہ 23 مئی 2017ء کو دستخط کر دیئے ہیں۔ MD واسا فیصل آباد فقیر محمد چوہدری اور ترکش فرم ابراق کائلوں۔ انگلینڈ کی فرم اباکس گلوبل انٹر پرائزز، چین کی فرم ایلسٹ جی سی سی کے نمائندوں نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے پینے کے صاف پانی کی دستیابی کے ساتھ ساتھ بھاری مقدار میں استعمال شدہ ویسٹ واٹر کو ضائع ہونے سے بچا کر ٹریٹمنٹ کے بعد دوبارہ کاشتکاری مقاصد کیلئے استعمال کیا جا سکے گا۔ مزید برآں پانی کی کوالٹی کے مسائل، ماحولیاتی اور صنعتی آلودگی جیسے مسائل سے بھی چھٹکارا مل سکے گا نیز ویسٹ واٹر کے زمینی پانی کی مختلف گہرائیوں پر اثرات کا جائزہ لیا جا سکے گا۔





واسا فیصل آباد اپنے صارفین کو بہتر انداز میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ماحول میں بہتری اور شہریوں کے لئے بہتر انوائرنمنٹ یقینی بنانے میں کوشاں ہے۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ واسا فیصل آباد ڈینش گورنمنٹ کے تعاون سے 150mgd استعداد کا ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے جا رہا ہے جس کی لاگت تقریباً 15-ارب روپے ہوگی۔ اس سلسلے میں ڈنمارک کی سینئر ایڈوائزر مسز بینٹ شیلر، ڈینش سفارت خانے کے ڈپٹی مشن ہیڈ مسٹر اولرچ سیکرنسن اور جویریہ سلطان پر مشتمل وفد نے واسا فیصل آباد کا دورہ کیا۔ پہلے مرحلے میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلان کی فزیبلٹی رپورٹ تیار کی جائے گی جس پر تقریباً 7 کروڑ روپے لاگت آئے گی جو کہ حکومتِ ڈنمارک کی طرف سے گرانٹ ہوگی۔ اس منصوبہ کے مطابق فیصل آباد شہر کے مشرقی حصے کے تمام ویسٹ واٹر کو ٹریٹ کر کے کاشتکاری کے لئے قابلِ استعمال بنایا جائے گا۔ منصوبہ کی لاگت کا 35% حصہ ڈنمارک حکومت کی طرف سے گرانٹ ہوگی اور بقیہ 65% لاگت آسان قرضہ کی صورت میں مہیا کی جائے گی۔ اس منصوبہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے درکار اراضی کی منتقلی کے لئے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد نے NOC جاری کر دیا ہے۔




اپنی ساٹھ سالہ مدت ملازمت پوری ہونے پر واسا سے ریٹائر ہونے والوں میں محمد اشرف صاحب بطور ڈائریکٹر، میاں محمد افتخار بطور ڈپٹی ڈائریکٹر، حامد محمود الحسن بطور اسسٹنٹ سیکورٹی آفیسر، لیاقت علی بطور کارپینٹر، محمد جمیل بطور میسن اور عبدالخالق بطور نائب قاصد ایم ڈی آفس واسا شامل ہیں۔ جو دوسری سہ ماہی میں اپنی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہوئے۔ واسا کی طرف سے ریٹائر ہونے والوں کی خدمات کے اعتراف میں الوداعی پارٹی کا اہتمام کیا گیا اور تحائف دے کر نیک خواہشات کے ساتھ رخصت کیا گیا۔

# خبریات

حکومت پنجاب نے واسا فیصل آباد کو پینے کے صاف پانی کی کمی کے پیش نظر گوگیرہ برانچ سے 50 کیوسک واٹر سپلائی منصوبے کا این او سی جاری کر دیا ہے۔ منصوبے کی تکمیل پر 14 ارب روپے اخراجات آئیں گے۔ جس میں 11 ارب روپے فرانسیسی حکومت اور 3 ارب روپے پنجاب حکومت ادا کرے گی۔ واضح رہے کہ شہر کے جنوب مشرقی حصے کی 100% آبادی کو میٹھے صاف پانی کی فراہمی کے لیے واسا نے حکومت فرانس کے تعاون سے فیز-I میں پراجیکٹ گزشتہ سال مکمل کر لیا تھا۔ اب فیز-II کے تحت شہر کے مشرقی حصے کو پانی کی سپلائی دی جائے گی۔ اس منصوبے پر فرانس حکومت اور واسا فیصل آباد کے مابین سمجھوتہ امسال اکتوبر میں متوقع ہے اس پراجیکٹ کی تکمیل پر شہریوں کو 30mgd پانی کی فراہمی کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

واسا کی طرف سے مینجنگ ڈائریکٹر واسا کی ہدایت پر پورے شہر کی میں سیور لائنوں اور ڈرینز کی ڈی سلٹنگ مہم زور و شور سے کی گئی۔ صفائی کی اس مہم میں واسا فیلڈ ورکرز کے ساتھ بھاری مشینری سے بھی کام لیا گیا۔ صفائی کے دوران بھاری مقدار میں شاپر، سلٹ اور کوڑا کرکٹ نکالا گیا۔ چنانچہ ڈرینز میں پانی کا بہاؤ بہتر ہونے سے ملحقہ سیوریج و اوور فلو کی شکایات میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے۔ ایم ڈی واسا کی ہدایت پر سیور صفائی کی مہم کے ساتھ ساتھ شہر کے مختلف علاقوں میں روڈ سائڈ ڈرینز پر صفائی اور ٹوٹی ہوئی سلیب بدلنے کا کام بھی کیا گیا۔

واسا کی طرف سے پائلٹ ایریا سرفراز کالونی میں آزمائشی بنیادوں پر مرحلہ وار 24 گھنٹے پانی کی سپلائی شروع کر دی جائے گی۔ ایم ڈی واسا کی زیر صدارت واسا ماسٹر پلان کے حوالے سے جائیکا واسا ورکنگ گروپ میٹنگ میں مسٹر سی گا وا مسٹر ڈائرا کو مسٹر ہیروٹوشی نے مسٹر ناکاشی ہوشینو کی سربراہی میں ورکنگ پلان کے متعلق شرکاء کو بریف کیا اور آئندہ کے اہداف پر روشنی ڈالی۔ اس پائلٹ ایریا کے بعد مرحلہ وار باقی مجوزہ علاقوں میں بھی پانی کی 24 گھنٹے سپلائی شروع کر دی جائیگی۔

واسا صارفین سروے پروگرام کے تحت اب تک ایک لاکھ 62 ہزار صارفین کا سروے مکمل کیا جا چکا ہے۔ جب کہ غیر قانونی صارفین کو ڈیمانڈ نوٹسز جاری کرنے کا کام بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ یہ بات ڈائریکٹر ریونیو انڈسٹریل و کمرشل کی زیر صدارت اجلاس کے دوران بتائی گئی۔ واسا کی طرف سے سروسز کی فراہمی پر کثیر اخراجات کی لاگت آتی ہے اور نادہندہ صارفین سے واجبات کی وصولی یقینی بناتے ہوئے ان خدمات کی مزید بہتر طریقے سے ادائیگی واسا کا نصب العین ہے۔ واسا فیصل آباد میں اسی مقصد کے لیے نان ریونیو واٹر سیل کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جس کا مقصد شہریوں کو کمرشل اور ڈومیسٹک بنیادوں پر مہیا کیے جانے والے پانی کے بلوں کی 100% وصولی کو یقینی بنانا اور غیر قانونی کنکشنز کا خاتمہ ہے۔ واسا کے اس اقدام سے ریونیو ریکوری بہتر ہوئی ہے۔ مزید اس کو آگے بڑھاتے ہوئے پہلے مرحلے میں متعین مقاصد کے حصول کے لیے لیک ڈیٹیکشن پر فوکس بھی کیا جائے گا اور پانی کا ضیاع روکتے ہوئے واٹر سپلائی صلاحیتوں میں اضافہ اور کارکردگی میں بہتری لائی جائے گی تاکہ مستقبل میں کامیابی کے تسلسل کو برقرار رکھا جا سکے۔

## انتقال پُر ملال (ہر ایک جاندار کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے)

دورانِ ملازمت ہر دلعزیز شخصیات جعفر حسین باجوہ، نور محمد اور محمد سلیم کھوکھر فانی دُنیا سے داغِ مفارقت دے گئے۔ جعفر حسین باجوہ بطور ڈائریکٹر ایڈمن واسا، نور محمد بطور ڈائریکٹر کنسٹرکشن واسا اور محمد سلیم کھوکھر بطور سینئر اکاؤنٹنٹ فنانس ڈائریکٹوریٹ میں ذمہ داریاں سرانجام دے رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کے لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

# شہریوں سے تعاون ...... واسا کا شعار

VC میاں عرفان منان اور ایم ڈی واسا فقیر محمد چوہدری کی صارف دوست ہدایت کی روشنی میں واسا کے عوامی مفاد میں اقدامات۔

- ☆ شہریوں کی سیور شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ اس ضمن میں 24/7 ٹوٹل فری نمبر 1334 ہمہ وقت فنکشنل ہے۔
- ☆ ڈائریکٹرز اپریشن اور بالخصوص ڈپٹی ڈائریکٹرز اپریشن فیلڈز میں زیادہ وقت گزاریں گے تاکہ اعلیٰ سطح پر واسا فیصل آباد کی طرف سے شہریوں کی سہولت کیلئے واسا سے متعلقہ مسائل کا فوری حل میسر آ سکے۔
- ☆ آفس ٹائم میں صبح دو گھنٹے کا وقت واسا فیلڈز آفیسرز کی طرف سے عوامی شکایات اور مسائل سننے اور ان کے تدارک کے اقدامات کے لئے ممکنہ حد تک مختص کیا جائے گا۔
- ☆ مون سون سیزن کے آغاز سے قبل تمام ڈسپوزل سٹیشنز کی مشینری اور ڈی وائرنگ سیٹس کو درست کیا جا چکا ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔
- ☆ جغرافیائی طور پر تمام نشیبی علاقوں میں ڈی واٹرنگ سیٹوں اور مطلوبہ مشینری کی موجودگی یقینی بنائی جائے گی۔
- ☆ شہر کے مختلف مقامات پر واسا فیصل آباد کی طرف سے مون سون سیزن میں کیمپ لگا دیئے گئے، ہیں جہاں واسا کا عملہ 24 گھنٹے موجود رہے گا اور کسی بھی قسم کی سیوریج رکاوٹ یا اوورفلو کی شکایت کی صورت میں فوری تدارک کے اقدامات کیے جائیں گے۔
- ☆ واسا کے تمام فیلڈز ورکرز کو دوران ڈیوٹی سفارش کردہ حفاظتی سامان و آلات اور یونیفارم کی پابندی لازماً اختیار کرنا ہوگی تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ ممکن ہو سکے۔

## واسا کا مشن ................... صارفین کا اعتماد

واسا فیصل آباد کے واجبات بروقت ادا کیجیے تاکہ واسا اپنے معزز صارفین کو مسلسل اور بہتر خدمات فراہم کر سکے۔ معیاری اور بلاتعطل سہولیات کی فراہمی واجبات کی بروقت ادائیگی سے ہی مشروط ہے۔

ہوا بناء آکسیجن، آکسیجن بناء زندگی اور اسی طرح واجبات کی ادائیگی بناء سروسز ممکن نہیں۔

## صارف کا تعاون ............. صارف کی سہولت